باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت روزنامہ
ABC CERTIFIED
DAILY FRONTLINE KARACHI
روزنامہ فرنٹ لائن کراچی
چیف ایڈیٹر محمد عبدالسلام خان
ویب سائٹ www.frontline-news.pk
ای میل frontlinenewspk@gmail.com
جلد نمبر 19 | جمعرات 13 نومبر 2025ء، 21 جمادی الاوّل 1447ھ | صفحات 8، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 340

محتسب کے عالمی ادارے اہم کردار ادا کر رہے ہیں

اعجاز احمد قریشی

محتسب کے بین الاقوامی اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے باہمی رابطے مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی محتسب

وفاقی محتسب کا آذربائیجان میں آئین اور قانون کی حکمرانی کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب

باکو (نیوز ڈیسک) وفاقی محتسب اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (AOA) کے صدر اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ محتسب برادری عالمی سطح پر انسانی حقوق، شہری آزادیوں اور اچھی طرز حکمرانی کے فروغ اور تحفظ میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ وہ گزشتہ روز جمہوریہ آذربائیجان دارالحکومت باکو میں آئین اور خودمختاری کے سال کی تقریبات کے سلسلے میں منعقدہ عصری نظاموں میں آئین اور قانون کی حکمرانی کے موضوع پر منعقدہ ایک بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی محتسب نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محتسب اداروں کا مقصد ریاستی اداروں کو مزید متحرک، موثر اور ملکی قانون کے مطابق ان کی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے ادارے شفافیت، احتساب، مساوات اور منصفانہ طرز عمل کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے گڈ گورننس کو فروغ دینے اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ میں قانون کی حکمرانی کی مرکزیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام حتمی اسٹیک ہولڈرز ہیں اور کسی بھی جمہوری نظام میں عوام کی فلاح و بہبود سب سے مقدم ہوتی ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے جمہوریہ آذربائیجان میں آئین کی منظوری کی 30 ویں سالگرہ اور خودمختاری کی بحالی کی 5 ویں سالگرہ پر وہاں کی حکومت اور عوام کو تہہ دل سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ دونوں واقعات آذربائیجان کی ملکی تاریخ میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات ہیں جن کی جڑیں تاریخ، مذہب اور ثقافت میں بہت گہری ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ تعلقات آنے والے دنوں میں مزید بڑھیں گے اور دونوں ممالک کے محتسب ادارے گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کرتے رہیں گے۔ بین الاقوامی کانفرنس میں جمہوریہ آذربائیجان کی آئینی عدالت کے چیئرمین نیز ایشیائی خطے کے مختلف محتسبین اور عدالتی اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باکو، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں ایک بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں